GOVERNMENT OF PAKISTAN
**ALLIED HEALTH PROFESSIONALS COUNCIL**
Ex. PHRC Building, Opp. Radio Pakistan, Shahrah-e-Jamhuriat,
Sector G-5/2, Islamabad. Ph: (051)9216791. 9207367; 9207386 Ext. 20
Email: admnahpc@gmail.com website: www. ahpc.org.pk

# پبلک نوٹس

عوام الناس کو مطلع کیا جاتا ہے کہ پاکستان کے تمام الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز اور انکی تعلیم و تربیت کے انسٹیٹیوشنز، سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کی رجسٹریشن اور الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کی بُنیادی و اعلیٰ تعلیم و تربیت کے معیار کو ریگولیٹ کرنے کے لیے حکومت پاکستان نے اے ایچ پی سی ایکٹ نمبر IX-2022 کے تحت الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کا قیام کر دیا ہے۔

1. الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان، اے ایچ پی سی ایکٹ 2022 کے سیکشن 12 کے کلاز (1)، (4) اور سیکشن 18 اور 19 کے تحت مختلف الائیڈ ہیلتھ پروفیشنز کی بنیادی و اعلیٰ تعلیم و تربیت فراہم کرنے والے اداروں کی منظوری اور رجسٹریشن کے لیے کونسل ہذا واحد قانونی ادارہ ہے جو قواعد و ضوابط و دیگر متعلقہ معلومات فراہم کرتی ہے۔

2. الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان کے ایکٹ 2022 کی دفعہ 16 کی کلاز (1)، (2) اور سیکشن 20 کے تحت تمام الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز و طلباء کی رجسٹریشن برقرار رکھی جائے گی۔

3. الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان کے ایکٹ 2022 شیڈول-1 میں شامل تمام الائیڈ ہیلتھ ڈسپلن کے لیے یکساں قومی نصاب مرتب کرنے کا بھی مجاز ادارہ ہے۔

4. تمام اداروں کو دوبارہ مطلع کیا جاتا ہے کہ وہ کسی بھی ایک شعبے میں سالانہ 100 سے زیادہ سیٹیں / طلبہ کو رجسٹر نہ کریں۔ نیز گریجویشن / پوسٹ گریجویشن / پی ایچ ڈی پروگرام شروع کرنے سے پہلے کونسل سے این او سی لینا ضروری ہے ۔ خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق تادیبی کاروائی کی جائے گی۔

5. تمام گریجویشن / پوسٹ گریجویشن / پی ایچ ڈی فیکلٹی کی رجسٹریشن بھی 30 ستمبر 2025 سے پہلے کروانی لازمی ہے۔

لہذا ملک بھر کے تمام سرکاری اور نجی شعبے کے انسٹیٹیوشنز، سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز، پروفیشنلز اور طلباء کو مطلع کیا جاتا ہے کہ الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل کے ایکٹ 2022 کے مندرجہ بالا سیکشنز پر سختی سے عمل درآمد کیا جائے اور مفاد عامہ کے لئے رجسٹریشن کی تاریخ میں **30 ستمبر 2025** تک توسیع کر دی گئی ہے۔ جو ادارے مقررہ تاریخ تک رجسٹرڈ نہیں ہونگے۔ ان کے فارغ التحصیل طلباء و طالبات کو رجسٹریشن نہیں دی جائے گی۔

**نوٹ** :- خلاف ورزی کی صورت میں اے ایچ پی سی ایکٹ 2022 کے سیکشن 25، 24، 23، 22، کے تحت تادیبی و قانونی کاروائی کی جائے گی ۔

**ڈاکٹر ابرار رفیق (سیکرٹری)**
الائیڈ ہیلتھ پروفیشنلز کونسل، اسلام آباد، پاکستان